109299-حج تمتع کی نیت کی لیکن صرف عمرہ کرنے کے بعد بیمار ہوگیا اور حج کے بغیر واپس آگیا

سوال

میں اس سال حج تمتع کی نیت سے گیا تھا، لیکن جب میں نے عمرہ ادا کرلیا تو مجھے اپنے گھٹنے میں درد اور سوزش کی شکایت ہوئی جس کی وجہ سے میں چلنے پھرنے سے قاصر ہوگیا اور حرکت بھی نہیں کرسکتا تھا، میں نے ڈاکٹر سے رجوع کیا تو اس نے مجھے حج مکمل نہ کرنے کی نصیحت کی، اس پر میں واپس آگیا اور حج نہیں کیا، تو کیا مجھ پر دم واجب ہوتا ہے ؟

پسندیدہ جواب

"اگر حقیقت میں امر واقع وہی ہے جو سوال میں بیان کیا گیا ہے کہ آپ نے عمرہ مکمل کرکے احرام کھول دیا اور پھر آپ حج کا احرام باندھنے سے قبل ہی واپس اپنے علاقے میں آ گئے تو آپ پر کچھ بھی نہیں ہے؛ کیونکہ عمرے کی ادائیگی کے بعد اس کا احرام کھولنے سے آپ حلال ہو گئے، اور حج کے لیے ابھی تک آپ نے احرام باندھا ہی نہیں تھا۔

اللہ تعالی ہی عمل کی توفیق دینے والا ہے، درود و سلام ہوں ہمارے نبی محمد، آپ کی آل اور صحابہ کرام پر۔" ختم شد

فتاوی اللجنۃ الدائمۃ" (11/355)